# Solution of Practice Question Paper 2020-21

## Class-X

**Time: 3 Hrs. Subject: Urdu-B (303) M.M.:80**

## (40) Part: A Reading Comprehension and Grammar MCQ

**جواب نمبر1:-** 1x5=5

(I) پتھروں سے لکڑہارے نے کیا بنایا؟

A. کھلونا

B. چولھا ✓

C. راستہ

D. چکی

(II) لکڑہارے نے ہانڈی میں کیا ابلنے کے لیے رکھا؟

A. چاول

B. آلو ✓

C. پانی

D. چائے

(III) آگ بار بار ٹھنڈی ہو جاتی تھی کیونکہ۔۔۔

A. ہوا تیز تھی۔

B. بارش ہو رہی تھی۔

C. چولھے میں پانی بھرا تھا۔

D. لکڑیاں گیلی تھیں۔ ✓

(IV) کس کو بہت زیادہ بھوک لگی تھی؟

A. پہرے دار کو

B. لکڑہارے کو ✓

C. نوکر کو

D. شکاری کو

(V) لکڑہارے کو کس وقت کھانا پکانے کی فکر ہوئی؟

A. صبح کو

B. شام کو

C. دوپہر کو ✓

D. رات کو

**جواب نمبر2:-** 1x5=5

(I) کون چوبیس گھنٹے میں ایک پھیرا پورا کرتی ہے؟

A. بس

B. ٹرین

C. زمین ✓

D. چڑیا

(II) ٹیچر کے سوال کا جواب کس نے دیا؟

A. ببلو نے

B. سورج نے

C. رات نے

D. پپو نے ✓

(III) بچے نے کسے روشن شے کہا؟

A. چاند کو

B. سورج کو ✓

C. بلب کو

D. جگنو کو

(IV) دھرتی کس چیز پر ہر دم چکر کھاتی رہتی ہے؟

A. اپنی کیل پر ✓

B. سڑک پر

C. چاند پر

D. سورج پر

(V)بچے نے کس کو نارنگی سی گول بتایا؟

A. چاند کو

B. رات کو

C. دن کو

D. دھرتی کو ✓

**جواب نمبر3:۔** **1x4=4**

(I) لفظ 'دشمن' کا متضاد ہے۔

A. مالک

B. امیر

C. دوست ✓

D. غلام

(II) لفظ 'محبت' کا مترادف ہے۔

A. نفرت

B. دوست

C. الفت ✓

D. رقیب

(III) لفظ 'امن' کا متضاد ہے۔

A. جھوٹ

B. سچ

C. موت

D. جنگ ✓

(IV) لفظ 'فتح' کا مترادف ہے۔

A. آزادی

B. آواز

C. جیت ✓

D. خواب

(V) لفظ 'بھلائی' کا متضاد ہے۔

A. اچھائی

B. خوبی

C. برائی ✓

D. درست

**جواب نمبر 4:۔** **1x4=4**

(I) امیر کی جمع ہے۔

A. آمر

B. امرا ✓

C. امر

D. امیری

(II) افواج کا واحد ہے۔

A. افواجوں

B. فوجی

C. فوج ✓

D. فوجیوں

(III) سلاطین کا واحد ہے۔

A. سلطان ✓

B. سلطانوں

C. سلطنت

D. سلطنتیں

(IV) مشکل کی جمع ہے۔

A. شکل

B. شکیل

C. شکلوں

D. مشکلات ✓

(V) خط کی جمع ہے۔

A. لکیر

B. خطا

C. خطوط ✓

D. خطاؤں

**جواب نمبر5:۔** **1x4=4**

(I)'ہم عید کے دن ملیں گے' اس جملے میں کون سا فعل ہے؟

A. فعل حال

B. فعل مستقبل ✓

C. فعل ماضی

D. فعل مجہول

(II) 'با' سابقہ والا مرکب لفظ ہے۔

A. بات

B. باوفا ✓

C. باغ

D. بازی گر

(III) 'میں خط لکھ رہا ہوں' اس جملے میں کون سا فعل ہے؟

A. فعل حال ✓

B. فعل مستقبل

C. فعل ماضی

D. فعل مجہول

(IV) وہ کام جو گزرے ہوئے وقت میں ہوا ہو، اسے ------ کہتے ہیں۔

A. فعل حال
B. فعل مستقبل
C. فعل ماضی ✓
D. فعل مجہول

(V) وہ نشان جو جملے کے ختم ہونے پر لگاتے ہیں، اسے ---------- کہتے ہیں۔

A. ختمہ (۔) ✓
B. سکتہ (،)
C. رابطہ (:)
D. قوسین (     )

جواب نمبر 6:- 1x4=4

(I) سنسکرت کس زبان کی شاخ ہے؟

A. آریائی زبان ✓
B. پراکرت
C. تیلگو زبان
D. تمل زبان

(II) ڈاکٹر بھیم راؤ امبیڈکر کے استاد کا کیا نام تھا؟

A. بھیم راؤ امبیڈکر
B. بھیم راؤ سکپال
C. امبیڈکر ✓
D. بھیم راؤ

(III) ظالم کو ظلم کا کیا بدلہ ملتا ہے؟

A. انعام ملتا ہے
B. عزت ملتی ہے
C. برا انجام ہوتا ہے ✓
D. ثواب ملتا ہے

(IV) بریل کی ایجاد کرنے والے کا کیا نام تھا؟

A. لوئی بریل ✓

B. نیوٹن

C. گراہم بیل

D. ڈارون

(V) رضیہ سلطان نے کہاں حکومت کی تھی؟

A. نیپال میں

B. ایران میں

C. دلّی میں ✓

D. افغانستان میں

جواب نمبر 7:۔ 1x4=4

(I) صحیح محاورہ ہے۔

A. ایک ہی جھولے کے چٹے بٹّے ہونا

B. ایک ہی تھیلی کے سکے ہونا

C. ایک ہی تھیلی کے بٹّے ہونا

D. ایک ہی تھیلی کے چٹّے بٹّے ہونا ✓

(II) ہتھیار ڈالنا کا مطلب ہے۔

A. شکست تسلیم کرنا ✓

B. جنگ میں جانا

C. ہتھیار خریدنا

D. میدان مارنا

(III) موت کے ۔۔۔۔۔۔(محاورہ مکمل کیجیے۔)

A. پارا تارنا

B. پار اترنا

C. گھاٹ اتارنا ✓

D. پارلے جانا

(IV)'پاؤں اکھڑنا' کا مطلب ہے۔

A. پاؤں ٹوٹ جانا

B. حوصلہ ہار جانا ✓

C. میدان مارنا

D. فتح حاصل کرنا

**جواب نمبر8:-** 1x5=5

(1) درج بالا اقتباس کس سبق سے لیا گیا ہے؟

A. آدمی کی کہانی

B. قول کا پاس ✓

C. پانی کی آلودگی

D. نئ روشنی

(II) رگھوپت سنگھ کو پکڑنے کے لیے کس نے فوج بھیجی تھی؟

A. اکبر بادشاہ نے ✓

B. لیفٹینینٹ نے

C. انگریز افسر نے

D. جیلر نے

(III)کس نے کہا کہ 'میرا لڑکا مر رہا ہے، اسے دیکھنے آیا ہوں'؟

A. سپاہی نے

B. پہرے دار نے

C. راجپوتوں نے

D. رگھوپت سنگھ نے ✓

(IV) کس نے کہا کہ میں راجپوت ہوں، جھوٹ ہر گز نہ بولوں گا؟

A. رام سنگھ نے

B. رگھوپت سنگھ نے ✓

C. سپاہی نے

D. پہرے دار نے

(V) رگھوپت سنگھ سے یہ کس نے کہا کہ بادشاہ نے کہا ہے کہ تم جہاں ملو پکڑ لیے جاؤ؟

A. پہرے دار نے ✓

B. فوجی نے

C. رانا پرتاپ نے

D. وکیل نے

**یا**

(I) درج بالا اقتباس کس سبق سے لیا گیا ہے؟

A. آدمی کی کہانی

B. قول کا پاس

C. زبانوں کا گھر ہندوستان ✓

D. نئی روشنی

(II) پہلے دنیا کے زیادہ تر لوگ کس کی طرح زندگی بسر کرتے تھے؟

A. وحشیوں کی طرح ✓

B. راجاؤں کی طرح

C. کھلاڑیوں کی طرح

D. کسانوں کی طرح

(III) جنھیں دراوڑ کہا جاتا ہے وہ کس طرف سے آئے تھے؟

A. مشرق کی طرف سے

B. شمال کی طرف سے

C. جنوب کی طرف سے

D. پچھم کی طرف سے ✓

(IV) تامل اور تیلگو کس کی زبانیں ہیں؟

A. دراوڑوں کی ✓

B. ایرانیوں کی

C. آریاؤں کی

D. کشمیریوں کی

(V) کس کی کھوج میں لوگ چھوٹی چھوٹی ٹولیوں میں مارے مارے پھرتے تھے؟

A. محل کی

B. شہر کی

C. کھانے پینے کی ✓

D. لکڑیوں کی

**جواب نمبر9:-** **1x5=5**

(I) درج بالا شعری حصّے کے شاعر کون ہیں؟

A. میر انیسؔ

B. اسمٰعیل میرٹھی ✓

C. ساحرؔ لدھیانوی

D. غالبؔ

(II) خدانے کس چیز سے خوش نما بیل بوٹے اگائے ہیں؟

A. ریت سے

B. پتھر سے

C. سمندر سے

D. مٹّی سے ✓

(III) کس کی قدرت نے چڑیوں کو تسبیح خواں بنایا ہے۔

A. انسان کی

B. باغبان کی

C. خدا کی ✓

D. بادشاہ کی

(IV)ہم گرمی اور روشنی کہاں سے پاتے ہیں؟

A. چاند سے

B. چراغ سے

C. بلب سے

D. سورج سے ✓

(V)خدا نے سبز خلعت پہنا کر کس کو جوان بنایا ہے؟

A. سبز پری کو

B. سمندر کو

C. بیل بوٹوں کو ✓

D. ریگستان کو

**یا**

(I)درج بالا رباعیات کے شاعر کون ہیں؟

A. میر انیسؔ ✓

B. اسمٰعیل میرٹھی

C. ساحرؔ لدھیانوی

D. غالبؔ

(II)کون لوگ اپنی ثنا خود کرتے ہیں؟

A. عقل والے

B. وکیل

C. تہی مغز والے ✓

D. سیاست داں

(III)شاعر نے سرائے فانی کسے کہا ہے؟

A. وطن کو

B. محل کو

C. جھوپڑی کو

D. دنیا کو ✓

(IV)شاعر نے کہاں کی ہر چیز کو آنی جانی کہا ہے ؟

A. دنیا کی ✓

B. اسکول کی

C. بازار کی

D. اسٹیشن کی

(V) صدا کا کیا مطلب ہے ؟

A. ہمیشہ

B. آواز ✓

C. سزا

D. خوشی

## (40) Part: B Writing Skill

**جواب نمبر10:۔** **2x4=8**

I. اونتی ایک خوش مزاج اور ہنس مکھ شخص تھا۔

II. سفید چھڑی نابینا لوگوں کی پہچان ہے۔اس چھڑی کو دیکھ کر لوگ انھیں راستہ دے دیتے ہیں اور ضرورت ہونے پر انھیں ان کی منزل تک پہنچا دیتے ہیں۔

III. رکن الدین بادشاہ التتمش کا بیٹا تھا اور اس کو دلی کے لوگوں نے مارا تھا۔

IV. جب ہمارا ملک آزاد ہوا تو اس کا دستور بنانے کی ذمہ داری ڈاکٹر بھیم راؤ امبیڈکر کو سونپی گئی۔

V. سعادت علی بہت عیش پسند آدمی تھا۔

VI. ندی،تالاب اور بارش وغیرہ کے ذریعے ہم قدرتی طور پر پانی حاصل کرتے ہیں۔

**جواب نمبر11:۔**

**3x2=6**

I. چڑیاں چہک چہک کر خدا کی تسبیح کرتی ہیں۔

II. روحِ تعمیر کے زخم کھانے سے شاعر کی مراد، جنگ کی وجہ سے ملک کی تعمیر و ترقی میں آنے والی خلل اور رکاوٹ ہے۔

III. تخت نشینی کے بعد رضیہ نے عہد کیا کہ وہ عوام کی بھلائی اور سلطنت کی ترقی کے لیے کام کرے گی اور وہ اس وقت تک چین سے نہیں بیٹھے گی جب تک یہ ثابت نہ کردے کہ وہ مردوں سے کم نہیں ہے۔

IV. شاعر کہنا چاہتا ہے کہ یہ زندگی اسے دنیا میں لائی تو وہ آگیا اور موت اسے لے جا رہی ہے تو وہ جا رہا ہے یعنی زندگی اور موت پر یہاں کسی کا کوئی اختیار نہیں ہے۔

جواب نمبر 12:۔ مضمون لکھتے ہوئے اس عنوان سے متعلق تمام اہم نکات کو ضرور شامل کریں اور درست املا اور مواد کی ترتیب وغیرہ کا خاص خیال رکھیں۔ 6

**جواب نمبر 13:** 5

**(درخواست)**

بخدمت جناب پرنسپل صاحب

گورنمنٹ بوائز سینئر سیکنڈری اسکول

دہلی، 110025

**موضوع:** اسکول کے باہر فروخت ہو رہی نقصاندہ چیزوں پر پابندی کے لیے درخواست

جنابِ عالی

عرض خدمت یہ ہے کہ ہمارے اسکول کے باہر صحت کو نقصان پہچانے والی چیزیں بڑی مقدار میں فروخت ہو رہی ہیں اور کم و بیش اسکول کے سبھی بچے کبھی نہ کبھی ان اشیا کا استعمال ضرور کرتے ہیں۔

لہٰذا آپ سے درخواست ہے کہ بچوں کی صحت کو مد نظر رکھتے ہوئے باہر فروخت ہو رہی نقصاندہ چیزوں پر بلا تاخیر پابندی لگانے کی زحمت گوارا کریں۔ آپ کی عین نوازش ہو گی۔

شکریہ

آپ کا فرماں بردار

فیضان

جماعت: دہم

رول نمبر 25

**یا**
**(خط)**

H/255
دوسری منزل
دریاگنج،دہلی 110002
یکم اپریل 2020

میرے پیارے دوست

السلام علیکم

حال ہی میں آپ کا خط ملا۔ یہ پڑھ کر بڑی خوشی ہوئی کہ آپ خیریت سے ہیں۔ میں بھی یہاں خیریت سے ہوں اور کورونا وبا کے تعلق سے حکومت کی جانب سے جاری کردہ ہدایات پر پوری طرح سے عمل کرتے ہوئے اس وبا سے بچنے کی ہر ممکن کوشش کر رہا ہوں۔ لاک ڈاؤن کی تمام تر سختیوں کے باوجود صبح اور شام کے وقت ہمارے یہاں ضروری اشیا آسانی سے مل جاتی ہیں اس لیے ملک کے دوسرے حصّوں میں لوگوں کو جن دشواریوں سے گزرنا پڑ رہا ہے اُن پریشانیوں سے ہم لوگ ابھی تک پوری طرح محفوظ ہیں۔ آپ بھی اپنا اور اپنوں کا خیال رکھیے، پڑوسیوں اور راہ گیروں کی مدد میں بڑھ چڑھ کر حصّہ لیجیے۔ جب حالات بہتر ہو جائیں گے تو دہلی کی سیر کے لیے ضرور آیئے۔

میں پوری طرح سے ٹھیک ہوں اس لیے میرے لیے بالکل بھی فکر مند ہونے کی ضرورت نہیں ہے، گھر کے سبھی بڑوں کو سلام اور چھوٹوں کو پیار۔

آپ کا دوست

احمد

**(نوٹ: اوپر دیے گئے نمونے کے مطابق، خط میں آپ اپنے جذبات کو اپنی زبان میں تفصیل سے لکھیں۔)**

جواب نمبر 14:۔ سفر کی تفصیل لکھتے ہوئے راستے میں پیش آنے والی دشواریوں، دوران سفر نظر آنے والے دلفریب قدرتی مناظر، وہاں کے پکوان، سیر و تفریح کے مشہور مقامات، رہن سہن اور وہاں کی زبان وغیرہ کے ذکر کو ضرور شامل کیجیے۔ 5

**یا**

واقعے کی تفصیل لکھتے ہوئے مقام، تاریخ، وہاں کے مناظر، کرداروں کے درمیان کی بات چیت اور اصل معاملہ وغیرہ کو ضرور شامل کیجیے۔

جواب نمبر 15:۔ سبق کا خلاصہ لکھتے ہوئے زبان و بیان، درست املا اور مواد کی ترتیب وغیرہ کا خاص خیال رکھیں ۔ 5

جواب نمبر 16:۔ نظم کا مرکزی خیال لکھتے ہوئے زبان و بیان، درست املا اور مواد کی ترتیب وغیرہ کا خاص خیال رکھیں ۔ 5